آسان حج

مرتبہ الحاج مولانا محمد ایوب بشوی ایم اے



آسان حج

مرتّبہ

الحاج مولانا محمد ایوب بشوی ایم اے

پیشکش

کاروان مکّہ لاہور پاکستان

ناشر

ثاقب پبلی کیشنز لاہور

بسم الله الرحمن الرحیم

تلبیه

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ

لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ

اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ

لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ

بمطابق فتویٰ:۔ حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی خامنہ ای

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب _____ آسان حج

مرتّبہ _____ الحاج مولانا محمد ایوب بشوی (ایم اے)

طبع اوّل _____ اکتوبر 2002ء

تعداد _____

ہدیہ _____

ملنے کا پتہ

☆ ادارہ: المؤسّسة الاسلامية موچی دروازہ لاہور

☆ ثاقب پبلی کیشنز لاہور۔

☆ حجۃ الاسلام مولانا شیخ محمد یعقوب بشوی قم مقدس ایران

ضروری گزارش

عزیزان گرامی القدر! ویسے تو حج کے موضوع پر آج تک مختلف علماء کرام نے اپنی اپنی بساط کے مطابق مختلف قسم کی کتابیں اور مناسک حج تحریر کئے ہیں جو کہ قابل صد تحسین ہے۔ میرے پاس بھی چند احباب تشریف لائے اور اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ کہ آپ بھی اس موضوع پر کوئی آسان فہم کتاب تحریر کریں۔ پس انہیں دوستوں کی نیک خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے بھی دو عدد کتابیں مناسک حج کی تحریر کی۔ ایک بڑا سائز میں اور ایک پاکٹ سائز میں جو کہ رہبر معظم حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی خامنہ ای اور مرجع تشیع جہاں حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی حسینی سیستانی کے فتاویٰ کے مطابق ہے۔ امید ہے حجاج کرام ان کتابوں سے خوب استفادہ حاصل کریں گے۔

یاد رہے کہ ان کتابوں کی اشاعت کے سلسلے میں ہمارے چند قابل قدر دوستوں نے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون فرمایا ہے ان میں محترم سید شاہد عباس زیدی صاحب، محترم حاجی ظہور علی منگلہ صاحب، حاجی طاہر حسین صاحب، محترم الحاج ارشد علی صاحب وان والے، محترم حاجی امیر علی صاحب پجگرائیں، محترم نسیم عباس صاحب، محترم حاجی اسد علی، شاہد علی صاحبان محل والے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے اور ان سب کو بار بار حج بیت اللہ سعادت نصیب فرمائے اور اللہ تعالیٰ ان سب کے اموات کو غریق رحمت فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

نوٹ: حجاج کرام سے گزارش ہے کہ وہ کسی مقام پر بھی دُعاؤں میں ان حضرات کو فراموش نہ کریں۔ ہمارے اور ان سب کے مرحومین کیلئے سورۂ فاتحہ پڑھنا ہرگز نہ بھولیئے۔

(یٰسین و شیخ صادق علی کو سورۂ فاتحہ میں فراموش نہ کریں) ملتمس دُعا

محمد ایوب بشوی

حج کا فلسفہ

حج کے معنی لغت میں

کسی کام کے قصد اور ارادہ کرنے کا نام حج ہے۔

حج کے معنی اصطلاح میں

شرح کے اصطلاح میں خدا کے گھر کی زیارت اور مخصوص اعمال و مناسک کو مخصوص ایام میں ایک خاص جگہ اور مخصوص طریقہ سے ادا کئے جانے کا نام حج ہے۔

حج: خداوند عالم کا حکم، حضرت آدم علیہ السلام کی دیرینہ سنت اور اللہ کے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ ہے۔

حج: انسان اور اللہ تعالیٰ کے درمیان موجود وعدہ کے وفا کرنے کا موقع اور راہ ابراہیمی پر چلنے والوں کیلئے اتحاد کا ذریعہ ہے۔

حج: شیطان اور خود پرستی سے مقابلہ، شرک سے اظہار بیزاری اور انبیاء کرامؑ کے

راستے سے وابستگی کا اعلان ہے۔

مقامِ ابراہیمؑ کے نزدیک نماز ادا کرنا' جنابِ حاجرہ کی مانند صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا اور عرشِ الٰہی کے فرشتوں کے ہمنوا ہوجانا' حج کے انسان ساز کرداروں کا نام ہے۔

حج: ایک قسم کا جہاد ہے۔ انسان کی عبادت کا سب سے بڑا اور پائیدار مظاہرہ ہے۔

حج: ایک دوسرے سے آشنا ہونے کی جگہ اور عظیم امتِ اسلامی کے درمیان ارتباط و تعلقات کا مرکز اور آگہی آزادی اور خودسازی کی تربیت گاہ ہے۔

حج: خدا کے تمام رسولوں کا سب سے پرانا طریقہ عبادت ہے جبکہ کعبہ کرہ خاک پر سب سے پہلی عبادت گاہ ہے۔

حج: گناہوں سے تطہیر کا بہترین ذریعہ اور اسلامی احکام کی ایک بہترین تقریب ہے۔

فریضہ حج ایک ایسا عمل ہے جس کی آواز لبیک کی کشش حضرت آدم علیہ السلام کو چالیس حج کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک تمام انبیاء حج کی ادائیگی کیلئے مکہ معظّمہ جاتے رہے۔ بیت اللہ کی زیارت کرتے رہے وہ بیت اللہ جس کے غلاف کو پکڑ کر انبیاء اوصیاء اور صلحاء بارگاہ خداوندی میں گڑگڑاتے رہے۔ یہ وہ

عظیم گھر ہے جس کی زیارت کیلئے امام حسین علیہ السلام بیس مرتبہ مدینہ سے پیدل چل کر آئے یہ وہ عظیم گھر ہے۔ جس کی طرف آتے ہوئے فرزند رسول حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سواری پر سوار نہیں ہوتے بلکہ لرزتے اور کانپتے پیدل چلتے تھے ایک مرتبہ نہیں دو مرتبہ نہیں بلکہ مسلسل چالیس حج پا پیادہ کئے۔ کتنا خوش نصیب ہے وہ شخص جسے اس گھر کی زیارت نصیب ہو جس گھر میں امام المتقین کی ولادت ہوئی ہو اور جس گھر کی زیارت ہر نبی اور امام کیلئے باعث سعادت بنی ہو یہی وجہ ہے کہ ہر سال لاکھوں توحید کے پروانے' ایک لباس میں' رنگ و نسل سے آزاد' قومیت و لسانیت کے شکنجے سے بے نیاز ہو کر دنیا کے کونے کونے سے ایک مرکز توحید پر سر بسجود ہوتے ہیں۔ عرفات و منیٰ کی بے آب و گیاہ صحراؤں میں جمع ہو کر اپنی کوتاہیوں پر نادم اپنی نادانیوں پر شرمسار' اپنے گناہوں پر نوحہ کناں اور اپنی غلطیوں پر تائب ہو کر اللہ سے رحم و کرم کی بھیک مانگتے ہیں اور جب ان کے تخیل کی پرواز ماضی کے سمندر میں غوطہ زن ہوتی ہے تو ان کی آنکھوں میں حجتہ الوداع کا منظر گھوم جاتا ہے اور وہ خیالوں ہی خیالوں میں دیکھتے ہیں کہ باعث تخلیق کائنات خاتم الانبیاء' احمد مجتبیٰ' محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر سینکڑوں انبیاء علیہم السلام نے یہیں کھڑے ہو کر نوع انسانی کی بقا اور فلاح کیلئے دعائیں مانگی تھیں تو اس وقت روحانی اور وجدانی کیفیات عجیب منظر پیش کرتی ہیں اور انسان خالق کائنات کی بارگاہ میں

سجدہ شکر بجالاتے ہوئے بے قرار ہو کر پکارنے لگتا ہے۔

اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

ترجمہ: میں نے یکسو ہو کر اپنا چہرہ زمین و آسمان کے خالق کی طرف موڑ لیا ان ایام میں اسے اذکار اور عبادات کے سوا کوئی کام نہیں ہوتا۔ وہ دن رات خوشنودیٔ خدا کے حصول میں سرگرداں رہتا ہے۔ اور دیوانہ وار اس عزم کا اظہار کرتا ہے کہ اے پروردگار میں اپنے اہل و عیال، عزیز و اقارب، دوست و احباب، کاروبار اور اپنی دیگر روزمرہ کی مصروفیات کو بالائے طاق رکھ کر تیرے حضور حاضر ہوں اور ایمان و یقین کی پختگی اور سلامتی کا متمنی ہوں۔ تیرے پاکیزہ اور مقدس بندوں کی پیروی میں سرگرداں ہوں، جن پر تو نے انعام و اکرام کی بارش کی اور اپنی رضاؤں کا اظہار فرمایا۔ خداوندا ہمارا حشر نشر محمدؐ و آل محمد علیھم السلام کے ساتھ کرنا۔

اے حجاج محترم! آپ خوش نصیب ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس عظیم سعادت اور اپنے گھر اور اپنے حبیب کے دیار کی زیارت کیلئے آپ کا انتخاب کیا ہے۔ وہ آپ سے چاہتا ہے کہ آپ خود کو مکمل طور پر اس کے حوالے کر دیں اور اپنے آپ میں وہ پسندیدہ صفات پیدا کریں۔ سیرت و کردار کی تعمیر کریں، روحانی ترقی اور اخلاقی بالیدگی کی راہ ہموار کریں، تزکیہ نفس کریں، تقویٰ کی روح بیدار کریں، تاکہ اللہ سے تعلق

استوار ہو اللہ کی اطاعت وفرمانبرداری اور اس کی محبت ہر چیز پر غالب آجائے۔

حج کی سعادت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس بات کی توفیق ہے کہ اصلاح حال کی تمام تر کوششوں کے باوجود جو نقائص رہ گئے ہیں وہ ارکان حج اور مقامات حج کی برکت سے دور ہو جائیں۔ اس لئے ہر عازم حج کو چاہئے کہ وہ حج کے ایک ایک رکن اور عمل کو پورے اخلاص اور شعور کے ساتھ صحیح اسلامی روح کے ساتھ ادا کرے اور حج کی ان برکات سے بھرپور استفادہ کرے۔

حج کے ارکان کی ادائیگی میں مشکلات کے پیش نظر اس عبادت کا اجر وثواب بھی بہت زیادہ ہے۔ احادیث میں ہے کہ صحیح مناسک حج کو ادا کرنے والا شخص گناہوں سے ایسے پاک ہو جاتا ہے جیسے شکم مادر سے پیدا ہونے والا بچہ۔

یہ عظیم عبادت کہ جس کی بجا آوری کیلئے جسمانی و مالی عرضیکہ ہر طرح کی قربانی پیش کی جارہی ہو کے مناسک کی ادائیگی میں خاص احتیاط اور توجہ کی ضرورت ہوگی۔ بصورت دیگر سب کچھ رائیگاں چلا جائیگا۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم مسائل حج کو اچھی طرح ذہن نشین کریں اور اس عبادت کی حقیقی روح کو سمجھ کر اسے بجالائیں تاکہ اس کے تمام تر ثمرات سے کماحقہ مستفید ہو سکیں۔ (آمین ثم آمین)

والسلام

ثاقب پبلی کیشنز لاہور پاکستان

ضروری ہدایات

حجاج محترم آپ کی توجہ چند بہت اہم نکات کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ نکات مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ آپکو اس مقدس سفر کو شروع کرنے سے پہلے تمام حقوق اللہ اور حقوق الناس کو ادا کرنا چاہئے اور اپنے ذمہ جو واجب حقوق ہوں مثلاً زکوٰۃ خمس وغیرہ ادا کریں۔ کیونکہ ان حقوق کی ادائیگی کے بغیر حج کرنا درست نہیں۔

☆ آپ جانے سے پیشتر اپنی وصیت لکھ کر یا بتا کر جائیں۔

☆ آپ اپنی قرأت نماز اور مسائل حج کو صحیح طور پر یاد کر لیں، تا کہ آپ صحیح حج کر سکیں۔

☆ آپ اپنا زادہ راہ اور خرچہ سفر فراخ دلی کے ساتھ لیں۔ کنجوسی سے کام نہ لیں۔

☆ آپ مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ میں تمام واجبی نمازوں کو حرم مطہر میں ادا کریں۔

☆ آپ اپنے ہم سفر ساتھیوں کے ساتھ انتہائی اخلاق، مروت اور انصاف سے پیش آئیں اور غیبت، حسد، تکبر وغیرہ برائیوں سے اجتناب کریں۔

☆ آپ کھانے پینے میں حد اعتدال اور پرہیز سے کام لیں اپنی صحت کا خاص طور

پر خیال رکھیں۔

☆ آپ مذہبی بحث ومباحثہ سے حتی الامکان اجتناب کریں۔

☆ آپ ان مقدس مقامات میں اپنی عافیت' اولاد' دوست' احباب' اموات' والدین اور ملک کے استحکام کیلئے اور خصوصاً مسلمانوں کے لئے دعا کریں۔

☆ آپ قافلہ یا گروپ کی شکل میں سفر کریں اور کسی عالم دین کو اپنے قافلہ میں شامل کریں تا کہ مسائل' حج ونماز وغیرہ میں سہولت ہو۔

☆ آپ حرم مطہر' مسجد الحرام' مسجد نبوی میں جب جماعت ہو رہی ہو تو ضرور جماعت کے ساتھ شامل ہو جائیں' اگر وقت کے متعلق شبہ ہو تو بعد میں پھر اعادہ کریں۔ مسجد نبوی اور مسجد الحرام میں قالین پر سجدہ جائز ہے۔ لیکن بہتر ہے کہ فرش پر سجدہ کریں۔

ضروری سامان

(۱) ناخن تراش' (۲) چھوٹی قینچی' (۳) بال پوائنٹ' (۴) نوٹ بک' (۵) چھوٹا بیگ برائے پاسپورٹ اور ٹکٹ وغیرہ کیلئے' (۶) پلیٹ' گلاس' چھوٹا اور بڑا چمچہ' پیالی لوٹا وغیرہ' (۷) سوئی دھاگہ' بٹن' (۸) ٹھنڈے پانی والی بوتل' (۹) ایک دری اور ایک چادر (۱۰) ہوائی چپل ۲ عدد (۱۱) ازار بند ۳ عدد' (۱۲) بنیان ۴ عدد'

(۱۳) سوٹ موسم کے مطابق ۳ عدد' (۱۴) ٹوتھ برش' (۱۵) صابن دانی' (۱۶) تولیہ' (۱۷) جوتوں کیلئے اور سنگریزوں کیلئے دو عدد تھیلیاں' (۱۸) چھوٹا بڑا بیگ' احرام ۲ عدد (۱۹) بیلٹ' دستی رومال (۲۰) سیفٹی

ہوائی جہاز سے سفر

حاجی کو چاہئے کہ اپنے سامان کے ساتھ پرواز سے آٹھ گھنٹے قبل حاجی کیمپ کے کسٹم حال میں پہنچ جائے اور اپنا تمام سامان کسٹم عملہ سے چیک کروالے۔ اور وہاں جمع کروادے آپ کا تمام سامان وہاں سے ٹرکوں پر ایئرپورٹ پہنچا دیا جائیگا۔ جو جدہ ایئرپورٹ پر آپ کو واپس ملے گا صرف دستی بیگ اپنے ہمراہ رکھیں جس میں پاسپورٹ' ٹیکوں کا سرٹیفکیٹ' ٹکٹ' بورڈنگ کارڈ' ٹریولنگ چیک وغیرہ ہوں' حاجی کیمپ سے ایئرپورٹ بسوں کے ذریعہ جائیں ایئرپورٹ پہنچ کر سامان کو ٹیگ لگوائیں اور امیگریشن کرا کے ویٹنگ ہال میں تشریف رکھیں۔

ہوائی جہاز میں سوار ہو کر بورڈنگ کارڈ پر درج اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔ ہوائی جہاز کا سفر تقریباً پانچ گھنٹے کا ہوتا ہے۔ سفر کے دوران ذکر الٰہی میں مشغول رہیں اور خود کو ذہنی طور پر ہر قسم کے حالات اور مشکلات کا سامنا کرنے

کیلئے تیار کریں۔

جدہ ایئرپورٹ پر پہنچ کر جہاز سے اتر کر تمام عازمین حج پہلے ہال میں جائیں گے۔ جہاں وزارت صحت چند ادویات دے گی یا ٹیکے لگائے گی۔ پھر دوسرے ہال میں امیگریشن کا عملہ پہلے کاؤنٹر پر فرداً فرداً پاسپورٹ لے کر دخول کی مہریں لگاتا ہے۔ دوسرے کاؤنٹر پر مکتب الوکلاء کا عملہ ضروری اندراج کر کے مہر لگا کر پاسپورٹ واپس کر دیتا ہے۔ جامہ تلاشی کے بعد تیسرے ہال میں اپنا سامان کسٹم والوں سے چیک کروائیں۔ کسٹم ہال سے نکلتے وقت یقین کر لیں کہ آپ کا تمام سامان آپ کے ہمراہ ہے۔ اپنا سامان ریڑھی پر رکھ کر اپنے گروپ کے ہمراہ بسوں کے اڈے پر آ جائیں۔ اس سارے کام کو تقریباً آٹھ گھنٹے لگ جاتے ہیں۔ اس کے بعد بس میں سوار ہو کر مدینہ یا جحفہ کی طرف روانہ ہو جائیں اور وہاں سے احرام باندھ کر مکہ پہنچیں۔



حجر اسود

فہرست مضامین

مدینہ منورہ کے اعمال	
رسول اکرمؐ۔ فاطمۃ الزہرا اور	20
آئمہ بقیع کی زیارت کی فضیلت	//
زیارت کے آداب	24
رسول اکرمؐ کی پہلی زیارت	32
رسول اکرمؐ کی دوسری زیارت	35
رسول اکرمؐ کی تیسری زیارت	44
نماز زیارت اور اسکے بعد کی دعا	46
رسول اکرمؐ کی چوتھی زیارت	47
دور سے رسول اکرمؐ کی زیارت	49
مسجد نبوی کے بعض مستحبات	50
ستون توبہ کے پاس نماز و دعا	53
مسجد نبوی و مدینہ منورہ میں روزہ	54
مقام جبریل کے پاس نماز و دعا	55
زیارت حضرت فاطمۃ الزہراؑ	58
حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی پہلی زیارت	60
حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی دوسری زیارت	64
بروایت دیگر حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی زیارت	65
زیارت آئمہ بقیع	66
زیارت حضرت امام حسن مجتبیٰؑ	70
زیارت حضرت امام زین العابدینؑ	71
زیارت حضرت امام محمد باقرؑ	72
زیارت حضرت امام جعفر الصادقؑ	73
آئمہ بقیع کی دوسری زیارت	
زیارت عباس ابن عبد المطلب	75
زیارت فاطمہ بنت اسد	76
زیارت ازواج رسولؐ	78
زیارت عقیل و	79
جناب عبداللہ بن جعفر طیار	
زیارت ابراہیم ابن رسولؐ اللہ	80
بقیع میں احد اور سانحہ حرہ	83
کے شہیدوں کی زیارت	
زیارت اسماعیل ابن جعفر صادقؑ	84
زیارت حلیمہ سعدیہ	85
رسول اکرمؐ کی پھوپھیوں کی زیارت	86
زیارت ام البنین	87
رسولؐ کے والد حضرت عبداللہ کی زیارت	89
حضرت عبداللہ ابن عبد المطلب	90
کی دوسری زیارت	
حضرت حمزہ اور دیگر شہدائے احد	91
کی زیارت کی فضیلت	
شہدائے احد کی زیارت	95
زیارت وداع رسول اکرمؐ	97
زیارت وداع آئمہ بقیع	100

مدینہ منورہ کے اماکین متبرکہ اور مساجد

مسجد النبیؐ 101
قبرستان بقیع 103
مسجد قبا 〃
مسجد الجمعہ 〃
قبرستان احد 104
مسجد غمامہ 105
مسجد حضرت علیؓ و حضرت فاطمہؓ 〃
مسجد مباہلہ 〃
مسجد شجرہ 〃
مسجد معرس 〃
محلہ بنی ہاشم 〃
مدینہ منورہ اور مسجد نبویؐ کے مستحبات 106
مسجد قبا 109
مسجد قبا کے اعمال 111
مسجد ذو قبلتین 113
مسجد فتح 115
مسجد اجابہ میں دعا 116
نقشہ قبرستان بقیع 〃
مکہ مکرمہ کے اعمال 118
حج اسلام کی نظر میں 120
تشریع حج کا فلسفہ 123
حج میں دعا پر توجہ 〃
اعمال و آداب حج 129
واجبات عمرۂ تمتع

عمرہ مفردہ کے واجبات
مکہ مکرمہ جانے کا میقات 130
مستحبات احرام 131
محرمات احرام
مکروہات احرام 133
مسجد میں داخل ہونے کے مستحبات 135
مستحبات طواف 141
شروط طواف کی دعا 143
نماز کی مستحبات 149
عمرہ کی تقصیر کے آداب 155
حج کی قسمیں 〃
حج تمتع کے واجبات 156
عرفات میں وقوف تک 157
مستحبات حج 〃
منیٰ سے عرفہ کے مستحب اور اعمال 159
مستحبات شب عرفہ 〃
عرفات میں وقوف کے مستحبات 169
عرفات میں وقوف کی دعا 170
دعا امام حسینؑ بروز عرفہ 174
دعا امام زین العابدینؑ بروز عرفہ 197
مستحبات امام حسینؑ بروز عرفہ 214
مشعر الحرام میں وقوف کے مستحبات 221
منیٰ میں مستحبات 224
مستحب قربانی 225
تقصیر یا سر منڈھوانے کے مستحبات 226
منیٰ کے مستحبات 227

مسجد خیف کے مستحاب 228
مکہ معظمہ سے واپسی کے مستحبات 229
مکہ مکرمہ کے اعمال و مستحبات 230
طواف وداع 231
کعبہ میں داخل ہونے کے مستحبات 233
مکہ مکرمہ کے مزارات کی زیارات 239
مکہ مکرمہ کے مزاروں کے 〃
بارے میں مختصر وضاحت 〃
قبرستان ابوطالبؑ 〃
رسول اکرمؐ کے جد حضرت عبد مناف 240
کی زیارت
رسول اکرمؐ کے جد حضرت عبدالمطلب 241
کی زیارت
حضرت ابوطالبؑ کی زیارت 242
رسول اکرمؐ کی والدہ آمنہ بنت وہب 243
کی زیارت
ام المومنین حضرت خدیجہ بنت خویلد 〃
کی زیارت
فرزند رسولؐ حضرت قاسم کی زیارت 244
حجر اسماعیل 245
زیارت حضرت اسماعیلؑ و حاجرہ 246
حجر اسماعیل میں تمام انبیاء کی زیارات 248

مکہ مکرمہ کے مقامات مقدسہ

حدود حرم 249
شہر مکہ کی بعض مساجد 250
مسجد الحرام اور خصوصیات کعبہ 251
ارکان کعبہ 252

حجر اسماعیلؑ 254
مقام ابراہیمؑ 〃
زم زم 255
شق القمر اور کوہ ابوقبیس پر دعا 256
حضرت خدیجہؑ کا گھر 257
ارقم ابن ابی ارقم کا گھر 258
شعب ابی طالبؑ 259
رسولؐ کی جائے ولادت 260
غار حرا 261
غار ثور 〃
عرفات 262
مزدلفہ (مشعر الحرام) 263
منیٰ 264

مکہ اور مدینہ کے درمیان

مقامات مقدسہ

مسجد غدیر خم 266
مسجد آمنہ ابواء میں 267
ربذہ میں حضرت ابوذر غفاریؓ کی زیارت 〃
شہدائے بدر کی زیارت 268
نماز شب 270
فضیلت سورہ یٰسین 274
سورہ یٰسین 276
فضیلت سورہ نباء 290
سورہ نباء 291
فضیلت سورہ واقعہ 294
سورہ واقعہ 295



نقشهٔ قبرستان بقیع

مدینۂ منوّرہ کے اعمال

رسولؐ، فاطمہؑ اور ائمہؑ بقیع کی زیارت کی فضیلت

عام افراد خصوصاً حاجیوں کے لئے، مستحب موکد ہے کہ حضرت سید المرسلین، محمد بن عبداللہؐ کے روضہ کی زیارت سے مشرف ہوں اور آنحضرتؐ کی زیارت نہ کرنا آپؐ کے حق میں جفا ہے۔

شیخ شہید فرماتے ہیں: اگر لوگ آنحضرتؐ کی زیارت کو نہ جائیں تو امام کے لئے ضروری ہے کہ وہ لوگوں کو آنحضرتؐ کی زیارت کے لئے جانے پر مجبور کرے۔ کیونکہ آنحضرتؐ کی زیارت نہ کرنا جفا کے برابر ہے جو حرام ہے۔

شیخ صدوق نے امام صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی حج کرے اسے چاہئے کہ وہ اپنا حج ہماری زیارت پر ختم کرے۔ کیونکہ اسی سے حج مکمل ہوتا ہے، نیز امیر المومنینؑ سے روایت کی

ہے کہ آپ نے فرمایا: اپنا حج رسولؐ کی زیارت پر تمام کرو، کیونکہ حج کے بعد آنحضرتؐ کی زیارت نہ کرنا آپ پر جفا اور ادب کے خلاف ہے۔ تمہیں اس کا حکم دیا گیا ہے، ان قبور کی زیارت کے لئے جاؤ جن کا خدا نے تم پر حقِ زیارت لازم قرار دیا ہے۔ ان ہی قبور کے پاس خدا سے روزی طلب کرو۔

ابوالصلت ہروی سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے حضرت امام رضاؑ کی خدمت میں عرض کی کہ آپؑ اس روایت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں ــــ جس کو لوگ بیان کرتے ہیں ــــ کہ جنت میں مومنین اپنی اپنی جگہوں سے اپنے پروردگار کی زیارت کریں گے (حدیث کا صحیح مفہوم کیا ہے؟)

امامؑ نے ان کے جواب میں فرمایا: اے ابوالصلت! حق تعالیٰ نے اپنے رسولؐ حضرت محمدؐ کو اپنی تمام مخلوق ــــ انبیاء و ملائکہ ــــ سے افضل قرار دیا ہے اور ان کی اطاعت کو اپنی اطاعت، ان کی بیعت کو اپنی بیعت اور ان کی زیارت کو اپنی زیارت کہا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے: ﴿مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ اَطَاعَ اللهَ﴾، اور فرمایا: ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللهَ يَدُاللهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ﴾

رسول اکرمؐ نے فرمایا: جس شخص نے میری حیات میں یا رحلت کے بعد میری زیارت کی گویا اس نے خدا کی زیارت کی۔

حمیری نے "قرب الاسناد" میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، آپؑ نے فرمایا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میری حیات میں یا رحلت کے بعد میری زیارت کی، روز قیامت، میں اس کی شفاعت کروں گا۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک عید کے موقع پر امام صادق علیہ السلام مدینہ میں تھے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے اور آنحضرتؐ کو سلام کیا اور فرمایا: ہم رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سبب ہر شہر کے باشندوں پر — خواہ مکہ ہو کہ غیر مکہ — فضیلت و فوقیت رکھتے ہیں۔

مرحوم شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے "تہذیب" میں یزید بن عبد الملک سے اور انہوں نے اپنے والد و دادا سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؑ نے مجھے سلام کرنے میں سبقت کی اور پھر دریافت کیا، کیوں آئے ہو؟ عرض کی: ثواب و برکت کی طلب میں آیا ہوں۔ فرمایا: مجھے میرے والد نے خبر دی ہے کہ جو شخص تین روز مجھے اور انھیں سلام کرے، خداوند اس کیلئے

جنت واجب کر دیتا ہے۔ میں نے عرض کی: آپؑ اور ان کی حیات میں؟ فرمایا: ہاں اور اسی طرح ہمارے مرنے کے بعد۔

علامہ مجلسیؒ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عباس سے منقول معتبر حدیث میں ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: جو شخص بقیع میں، حسنؑ کی زیارت کرے گا وہ اس روز صراط پر ثابت قدم رہے گا جس دن لوگوں کے قدم پھسلیں گے۔

"مقنعہ" میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص میری زیارت کرے گا اس کے گناہ بخشے جائیں گے اور فقر و پریشانی کی حالت میں نہیں مرے گا۔

ابن قولویہ نے "کامل الزیارات" میں ہشام بن سالم کے توسط سے امام صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، اس کے کچھ فقرے یہ ہیں: ایک شخص امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں شرف یاب ہوا اور عرض کی: کیا آپؑ کے والد کی زیارت کرنا چاہیئے؟ فرمایا: ہاں۔ عرض کی: ان کی زیارت کا کیا اجر ہے؟ فرمایا: زائر کے لئے جنت ہے بشرطیکہ

وہ ان کی امامت کا اعتقاد رکھتا ہو اور ان کی متابعت کرتا ہو۔ عرض کی : جوان کی زیارت سے اعراض کرتا ہے۔ اس کا کیا ہوگا ؟ فرمایا : روزِ قیامت حسرت اس کا مقدر ہوگی ... اس سلسلہ میں اور بہت سی حدیثیں ہیں۔

زیارت کے آداب

زیارت، پاکیزہ اور نمونۂ کمال ارواح اور حق نما آئینوں کا دیدار ہے۔ زائر خود کو عظیم اور بلندیوں پر فائز پیکروں اور معصوم راہنماؤں کے سامنے دیکھتا ہے، اپنے نقص اور اولیاء کے کمال کے اعتراف کے ساتھ، ان کے فضائل کی طرف اشارہ کرتا ہے اور ان پر درود بھیجتا ہے، ان کا دامن تھام لیتا ہے، ان کی راہ و روش اختیار کرتا ہے۔

اس لئے زیارت کی اولین شرط "ادب" ہے اور ادب معرفت و محبت کے سایہ میں وجود پذیر ہوتا ہے۔ خود کو رسولؐ خدا کے سامنے

دیکھنے اور آئمہ کے قبور کے پاس کھڑے ہونے کے بھی ظاہری و باطنی آداب ہیں۔ بحار الانوار اور علماء کی کتابوں میں آدابِ زیارت کے بارے میں بہت کچھ نقل ہوا ہے لیکن ہم یہاں چند آداب تحریر کرتے ہیں:

۱۔ روضہ ـــــ درگاہ ـــــ میں داخل ہونے سے پہلے غسل کرنا، باطہارت ہونا۔ نیز غسل کرتے وقت اس دعا کا پڑھنا مستحب ہے:

«بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ نُوراً وَطَهُوراً وَحِرْزاً وَشِفٰاءً مِنْ كُلِّ دٰاءٍ وَسُقْمٍ وَآفَةٍ وَعٰاهَةٍ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ بِهِ قَلْبِي، وَاشْرَحْ بِهِ صَدْرِي، وَسَهِّلْ لِي بِهِ اَمْرِي».

۲۔ پاک وصاف لباس پہننا اور عطر لگانا۔

۳۔ جب زیارت کی غرض سے نکلے تو چھوٹے چھوٹے قدم اٹھائے اور آرام و وقار کے ساتھ راستہ طے کرے۔ خضوع و خشوع

کے ساتھ آئے، سر جھکائے رکھے، ادھر اُدھر نگاہ نہ کرے اور راستہ میں آرام و وقار کے ساتھ راستہ طے کرے۔ فضول باتیں اور کسی سے جھگڑا و جدال نہ کرے۔

۴۔ جب حرم اور زیارت کے لئے جائے تو زبان سے خدا کی حمد و تسبیح کرے، محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوٰت بھیجے اور دہن کو یاد خدا اور نام اہل بیتؑ سے معطر کرلے۔

۵۔ حرم کے دروازے پر کھڑے ہوکر دعا پڑھے، اذنِ باریابی حاصل کرے، دل پر رقت طاری کرنے کی کوشش کرے، صاحبِ قبر کی عظمت و منزلت کے تصوّر کے ساتھ یہ خیال کرے کہ وہ ہمیں دیکھ رہا ہے، ہماری بات سن رہا ہے۔ ہمارے سلام کا جواب دیتا ہے۔ جب دل پر رقت طاری ہوجائے اور معنویت وجود میں آجائے تو درگاہ میں داخل ہوجائے اور

زیارت کرے۔

۶۔ داخل ہوتے وقت دائیں اور حرم سے نکلتے وقت بائیں پاؤں کو پہلے رکھے جیساکہ مسجد میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت ایسا ہی کرنا مستحب ہے۔

۷۔ ضریح کے برابر میں کھڑے ہوکر زیارت نامہ پڑھے۔

۸۔ معصومین کی قبور پر زیارت پڑھتے وقت ضریح کی طرف رخ اور قبلہ کی طرف پشت کرے۔ زیارت سے فارغ ہونے کے بعد تضرّع وزاری کے ساتھ دعا مانگے اور خدا سے اپنی حاجت طلب کرے، پھر بالائے سر کی طرف جائے اور قبلہ رو ہوکر دعا کرے اور زیارت پڑھے۔

۹۔ حاجت پوری ہونے اور ضرورت برطرف ہونے کے لئے صاحبِ قبر کو خدا کی بارگاہ میں وسیلہ قرار دے۔

۱۰۔ اگر ضعیف نہیں ہے اور کوئی دوسرا عذر بھی نہیں ہے تو کھڑے ہوکر زیارت پڑھے۔

۱۱۔ قبر مطہر پر نظر پڑتے ہی اور زیارت سے قبل آہستہ سے اللہ اکبر کہے۔

۱۲۔ ائمہ اطہارؑ سے وارد ہونے والی دعائیں پڑھیں۔

۱۳۔ اگر ائمہؑ کی زیارت کی ہے تو حرم مطہر میں دو رکعت نماز ــــ بہتر ہے بالائے سر کے پاس ــــ پڑھے۔ منقول دعائیں پڑھے، اپنی حاجت طلب کرے، آرام و اطمینان اور ترتیل کے ساتھ قرآن کی تلاوت کرے اور اس کا ثواب معصوم کی روح کو ہدیہ کرے۔

۱۴۔ حرم میں ناشائستہ، لغو و بیہودہ اور فضول قسم کے مباحثہ سے پرہیز کرے۔

۱۵۔ زیارت و نماز اتنی بلند آواز سے نہ پڑھے، کہ جس سے

دوسروں کی زیارت میں خلل پڑے۔

۱۶۔ زیارت کے بعد باہر نکلنے میں عجلت کرے تاکہ دوبارہ زیارت کرنے کا اور زیادہ اشتیاق پیدا ہو سکے اور دوسرے بھی زیارت سے مشرف ہو سکیں، حرم میں عورتوں کے ساتھ مخلوط ہونے سے پرہیز کرے، ہر قسم کے گناہ اور خطا سے بچے، حرم کی حرمت کا خیال رکھے۔ اسی طرح زائروں کے جسم غفیر ہونے کی صورت میں ان کا خیال رکھے اور انھیں بھی زیارت کرنے کا موقع دے۔

۱۷۔ شہر سے باہر آتے وقت پیامبر اکرمؐ و امامؑ سے رخصت ہونا (ائمہؑ کی زیارتِ وداع کتاب میں درج ہے)

۱۸۔ زیارت کے تمام مراحل میں ضروری ہے کہ توبہ و استغفار کرے، نیز ضرورت مندوں کو صدقہ دے اور مستحق لوگوں کے لئے انفاق ــــ خرچ ــــ کرے۔

۱۹۔ زیارت سے روحی و معنوی کمال اور صفائے قلب انسان کے لئے زمین ہموار ہونی چاہیئے تاکہ زائر اخلاق و زندگی اور طہارت و تقوے کے ذریعہ اولیاءِ خدا سے قریب ہو جائے۔ اور زیارت، توبہ و طہارت اور باطنی تزکیہ کا وسیلہ بن جائے۔ اور یہ چیزیں توفیقِ خدا اور ان بزرگوں کی محبت و معرفت کے بغیر حاصل نہیں ہوتی ہیں زیارت کی قدر و قیمت کی بنیاد بھی معرفت پر استوار ہے اور ائمہ و معصومینؑ کی زیارت کے بارے میں "عارفاً بحقہ" اسی نکتہ کی طرف اشارہ ہے اور معرفت کے بغیر زیارت کا کوئی ثواب نہیں ہوتا ہے۔

زیارت کیلئے اذنِ باریابی

مرحوم شیخ کفعمی کہتے ہیں: جب تم مسجد نبوی یا ائمہ میں سے کسی کے حرم میں داخل ہونے کا قصد کرو تو کہو:

«اَللّٰهُمَّ اِنّی قَدْ وَقَفْتُ عَلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ
بُيُوتِ نَبِيِّكَ صَلَوٰاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ، وَقَدْ مَنَعْتَ النَّاسَ اَنْ يَدْخُلُوا
اِلاّ بِاِذْنِهِ، فَقُلْتَ: ﴿ يٰا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لاٰ تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ اِلاّ
اَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ﴾، اَللّٰهُمَّ اِنّي اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ صٰاحِبِ هٰذَا الْمَشْهَدِ
الشَّرِيفِ فِی غَيْبَتِهِ، كَمٰا اَعْتَقِدُهٰا فِي حَضْرَتِهِ، وَاَعْلَمُ اَنَّ
رَسُولَكَ وَخُلَفٰاءَكَ عَلَيْهِمُ السَّلاٰمُ اَحْيٰاءٌ عِنْدَكَ يُرْزَقُونَ، يَرَوْنَ
مَقٰامِي وَيَسْمَعُونَ كَلاٰمِي وَيَرُدُّونَ سَلاٰمِي، وَاَنَّكَ حَجَبْتَ عَنْ
سَمْعِي كَلاٰمَهُمْ، وَفَتَحْتَ بٰابَ فَهْمِي بِلَذِيذِ مُنٰاجٰاتِهِمْ، وَاِنّي
اَسْتَاْذِنُكَ يٰا رَبِّ اَوَّلاً، وَاسْتَاْذِنُ رَسُولَكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ
ثٰانِياً، وَاَسْتَاْذِنُ خَلِيفَتَكَ الْاِمٰامَ الْمَفْرُوضَ عَلَيَّ طٰاعَتُهُ فُلاٰنَ بْنَ
فُلاٰنٍ»، فلاں بن فلاں کی جگہ اس امام کا نام لے جس کی
زیارت پڑھ رہا ہے۔ اسی طرح ان کے والد کا نام بھی لے۔ مثلاً
اگر امام حسینؑ کی زیارت پڑھے تو کہے الحسین بن علیؑ اور اگر
امام رضاؑ کی زیارت پڑھے تو کہے: علی بن موسیٰ الرضا (ع)
اسی طرح باقی ائمہ کے لئے بھی کہے: اور اس کے بعد کہے:

«وَالْمَلٰئِكَةَ الْمُوَكَّلِينَ بِهٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبٰارَكَةِ ثٰالِثـاً، ءَاَدْخُلُ يٰـارَسُولَ اللهِ، ءَاَدْخُـلُ يٰا حُجَّـةَ اللهِ، ءَاَدْخُلُ يٰـا مَلاٰئِكَـةَ اللهِ الْمُقَرَّبِينَ الْمُقِيمِينَ فِـي هٰذَا الْمَشْهَدِ، فَأْذَنْ لِـي يٰا مَوْلاٰىَ فِى الدُّخُـولِ اَفْضَلَ مٰا اَذِنْتَ لاَحَدٍ مِنْ اَوْلِيـاءِكَ، فَاِنْ لَمْ اَكُنْ اَهْلاً لِذٰلِكَ فَاَنْتَ اَهْلٌ لِذٰلِكَ»، اس کے بعد حرم کے دروازہ کی بوسہ لے اور داخل ہو جائے اور کہے: «بِسْـمِ اللهِ وَفِى سَبِيـلِ اللّـهِ، وَعَلٰى مِلَّـةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ، اَللّٰهُـمَّ اغْفِر لِي وَارْحَمْنِي، وَتُبْ عَلَىَّ، اِنَّكَ اَنْتَ التَّوّٰابُ الرَّحِيمُ».

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہلی زیارت

جب مدینۂ رسول جائے تو پہلے غسلِ زیارت کرے۔ اذن باریابی کی دعا پڑھے اور باب جبرئیل سے اندر جائے۔ پہلے دایاں پاؤں رکھے اور سو مرتبہ "اللہ اکبر" کہے اور دو رکعت نمازِ تحیت بجالائے۔ حجرۂ شریف کے پاس جائے اور وہاں کھڑے ہو کر کہے:

اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰارَسُولَ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ

يٰا نَبِيَّ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا مُحَمَّدَبْنَ عَبْدِاللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا خٰاتَمَ النَّبِيِّينَ، اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسٰالَةَ ، وَاَقَمْتَ الصَّلٰوةَ، وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ، وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوفِ، وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَعَبَدْتَ اللهَ مُخْلِصاً حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِينُ، فَصَلَوٰاتُ اللهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطّٰاهِرِينَ.

پھر اس ستون کے پاس رو بقبلہ کھڑا ہو جائے جو قبر کی دائیں جانب ہے، اس طرح زائر کے بائیں بازو کی طرف قبر اور دائیں بازو کی طرف منبر ہو گا

اس کے بعد کہے :

اَشْهَدُ اَنْ لاٰ اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهُ لاٰ شَرِيكَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُولُ اللهِ، وَاَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسٰالاٰتِ رَبِّكَ، وَنَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ، وَجٰاهَدْتَ فِي سَبِيلِ اللهِ، وَعَبَدْتَ اللهَ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِينُ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ، وَاَدَّيْتَ الَّذِي عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ، وَاَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِينَ، وَغَلُظْتَ عَلَى الْكٰافِرِينَ، فَبَلَّغَ اللهُ

بِكَ اَفْضَلَ شَرَفِ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِيـنَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى اسْتَنْقَذَنٰا بِكَ مِـنَ الشِّرْكِ وَالضَّلاٰلَـةِ، اَللّٰهُمَّ فَـاجْعَلْ صَلَوٰاتِـكَ وَصَلَوٰاتِ مَلاٰئِكَتِـكَ الْمُقَرَّبِينَ وَاَنْبِيٰاءِكَ الْمُـرْسَلِينَ وَعِبٰادِكَ الصّٰـالِحِينَ، وَاَهْلِ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرَضِينَ، وَمَنْ سَبَّحَ لَـكَ يٰا رَبَّ الْعٰالَمِينَ مِنَ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، عَلىٰ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَنَبِيِّكَ وَاَمِينِكَ وَنَجِيِّكَ وَحَبِيبِـكَ وَصَفِيِّكَ وَخٰاصَّتِكَ وَصَفْـوَتِكَ وَخِيَرَتِـكَ مِنْ خَلْقِكَ، اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الدَّرَجَةَ الرَّفِيعَةَ، وَآتِهِ الْوَسِيلَةَ مِنَ الْجَنَّةِ، وَابْعَثْهُ مَقٰـاماً مَحْمُوداً يَغْبِطُهُ بِـهِ الْاَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ، اَللّٰهُـمَّ اِنَّكَ قُلْـتَ: ﴿وَلَو اَنَّهُـمْ اِذْ ظَلَمُـوا اَنْفُسَهُـمْ جٰاءُوكَ فَـاسْتَغْفَـرُوا اللهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُـمُ الرَّسُولُ لَوَجَـدُوا اللهَ تَوّٰاباً رَحِيماً﴾، وَاِنِّـي اَتَيْتُكَ مُسْتَغْفِراً تٰائِبـاً مِنْ ذُنُوبِي، وَاِنِّـي اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَـى اللهِ رَبِّي وَرَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِي ذُنُـوبِي، اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے انشاء اللہ پوری ہو گی۔

پھر رسولِ اکرم ﷺ سے مخصوص یہ درود پڑھے:

«اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ كَمٰا حَمَلَ وَحْيَكَ وَ بَلَّـغَ رِسٰالاٰتِكَ، وَصَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ كَمٰا اَحَلَّ حَـلاٰلَكَ، وَحَرَّمَ حَرٰامَـكَ، وَعَلَّمَ

كِتَابَكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَقَامَ الصَّلٰوةَ، وَآتَى الزَّكٰوةَ، وَدَعَا اِلٰى دِينِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَدَّقَ بِوَعْدِكَ، وَاَشْفَقَ مِنْ وَعِيدِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا غَفَرْتَ بِهِ الذُّنُوبَ، وَسَتَرْتَ بِهِ الْعُيُوبَ، وَفَرَّجْتَ بِهِ الْكُرُوبَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا دَفَعْتَ بِهِ الشَّقَاءَ، وَكَشَفْتَ بِهِ الْغَمَّاءَ، وَاَجَبْتَ بِهِ الدُّعَاءَ، وَنَجَّيْتَ بِهِ مِنَ الْبَلَاءِ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا رَحِمْتَ بِهِ الْعِبَادَ، وَاَحْيَيْتَ بِهِ الْبِلَادَ، وَقَصَمْتَ بِهِ الْجَبَابِرَةَ، وَاَهْلَكْتَ بِهِ الْفَرَاعِنَةَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَضْعَفْتَ بِهِ الْاَمْوَالَ، وَاَحْرَزْتَ بِهِ مِنَ الْاَهْوَالِ، وَكَسَرْتَ بِهِ الْاَصْنَامَ، وَرَحِمْتَ بِهِ الْاَنَامَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَعَثْتَهُ بِخَيْرِ الْاَدْيَانِ، وَاَعْزَزْتَ بِهِ الْاِيمَانَ، وَبَرَّتَ بِهِ الْاَوْثَانَ، وَعَظَّمْتَ بِهِ الْبَيْتَ الْحَرَامَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِينَ الْاَخْيَارِ وَسَلِّمْ تَسْلِيماً».

رسولِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی دوسری زیارت

پہلی زیارت میں بیان ہونے والی ابتدائی چیزوں کو انجام دینے

سو مرتبہ "اللہ اکبر" کہنے اور دو رکعت نماز تحیت پڑھنے کے بعد بالائے سر کی طرف حجرۂ شریف کی جانب رُخ کر کے کھڑا ہو اور کہے :

«اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا رَسُولَ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا نَبِيَّ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِاللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا خَاتَمَ النَّبِيِّينَ، اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسٰالَةَ، وَاَقَمْتَ الصَّلاٰةَ وَآتَيْتَ الزَّكٰاةَ، وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَعَبَدْتَ اللهَ مُخْلِصاً حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِينُ، فَصَلَوٰاتُ اللهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطّٰاهِرِينَ، (ومی گوید) اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا رَسُولَ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا نَبِيَّ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا خَلِيلَ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا صَفِيَّ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا رَحْمَةَ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا خِيَرَةَ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا حَبِيبَ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا نَجِيبَ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا خٰاتَمَ النَّبِيِّينَ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا سَيِّدَ الْمُرْسَلِينَ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا قٰائِماً بِالْقِسْطِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا فٰاتِحَ الْخَيْرِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا مَعْدِنَ الْوَحْيِ وَ التَّنْزِيلِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا مُبَلِّغاً عَنِ اللهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ اَيُّهَا السِّرٰاجُ الْمُنِيرُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا مُبَشِّرُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا نَذِيرُ، اَلسَّلاٰمُ

عَلَيْكَ يَا مُنْذِرُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يَا نُورَ اللهِ الَّذِي يُسْتَضاءُ بِهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ وَعَلىٰ اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِينَ الطّاهِرِينَ الْهادِينَ الْمَهْدِيِّينَ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ وَعَلىٰ جَدِّكَ عَبْدِالْمُطَّلِبِ، وَعَلىٰ اَبِيكَ عَبْدِاللهِ، وَعَلىٰ اُمِّكَ آمِنَةَ بِنْتِ وَهَبٍ، اَلسَّلاٰمُ عَلىٰ عَمِّكَ حَمْزَةَ سَيِّدِ الشُّهَداءِ، اَلسَّلاٰمُ عَلىٰ عَمِّكَ وَكَفِيلِكَ اَبِي طالِبٍ، اَلسَّلاٰمُ عَلَى ابْنِ عَمِّكَ جَعْفَرِ الطَّيّارِ فِي جِنانِ الْخُلْدِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ عَلَى الْاَوَّلِينَ وَ الْآخِرِينَ، وَالسّابِقَ فِي طاعَةِ رَبِّ الْعالَمِينَ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسالاٰتِ رَبِّكَ، وَنَصَحْتَ لاُمَّتِكَ، وَجاهَدْتَ فِيْ سَبِيلِ رَبِّكَ، وَصَدَعْتَ بِاَمْرِهِ، وَاحْتَمَلْتَ الْاَذىٰ فِي جَنْبِهِ، وَدَعَوْتَ اِلىٰ سَبِيلِهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ الْجَمِيلَةِ، وَاَدَّيْتَ الْحَقَّ الَّذِي كانَ عَلَيْكَ، وَاَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِينَ، وَغَلُظْتَ عَلَى الْكافِرِينَ، وَعَبَدْتَ اللهَ مُخْلِصاً حَتّىٰ اَتيٰكَ الْيَقِينُ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي وَنَفْسِي وَاَهْلِي وَمالِي وَوُلْدِي، اَنَا اُصَلِّي عَلَيْكَ كَمٰا صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ، وَصَلّىٰ عَلَيْكَ مَلاٰئِكَتُهُ وَاَنْبِياؤُهُ وَرُسُلُهُ، صَلاٰةً مُتَتٰابِعَةً وٰافِرَةً مُتَوٰاصِلَةً

، لاَ انْقِطاعَ لَهٰا وَلاَ اَمَدَ وَلاَ اَجَلَ، صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِينَ الطّٰاهِرِينَ، كَمٰا اَنْتُمْ اَهْلُهُ».

پھر اپنے ہاتھوں کو بلند کرے اور خضوع وخشوع کے ساتھ کہے:

«اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ جَوٰامِعَ صَلَوٰاتِكَ، وَنَوٰامِيَ بَرَكٰاتِكَ، وَفَوٰاضِلَ خَيْرٰاتِكَ، وَشَرٰائِفَ تَحِيّٰاتِكَ، وَتَسْلِيمٰاتِكَ وَكَرٰامٰاتِكَ وَرَحَمٰاتِكَ وَصَلَوٰاتِ مَلاٰئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِينَ، وَاَنْبِيٰاءِكَ الْمُرْسَلِينَ، وَاَئِمَّتِكَ الْمُسَبِّحِينَ، وَعِبٰادِكَ الصّٰالِحِينَ، وَاَهْلِ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرَضِينَ، وَمَنْ سَبَّحَ لَكَ يٰا رَبَّ الْعٰالَمِينَ، مِنَ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَشٰاهِدِكَ وَنَبِيِّكَ وَنَذِيرِكَ وَاَمِينِكَ وَمَكِينِكَ وَنَجِيِّكَ وَحَبِيبِكَ وَخَلِيلِكَ وَصَفِيِّكَ وَصِفْوَتِكَ وَخٰاصَّتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَخَيْرِ خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ، نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، وَخٰازِنِ الْمَغْفِرَةِ، وَقٰائِدِ الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ، وَمُنْقِذِ الْعِبٰادِ مِنَ الْهَلَكَةِ بِاِذْنِكَ، وَدٰاعِيهِمْ اِلٰى دِينِكَ الْقَيِّمِ بِاَمْرِكَ، اَوَّلِ النَّبِيِّينَ مِيثٰاقاً وَآخِرِهِمْ مَبْعَثاً، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ وَاَصْحٰابِهِ وَاَتْبٰاعِهِ، صَلاٰةً تَرْضٰاهٰا لَهُمْ، وَبَلِّغْهُمْ مِنّٰا تَحِيَّةً كَثِيرَةً وَسَلاٰماً، وَآتِنٰا مِنْ لَدُنْكَ فِي مُوٰالاٰتِهِمْ فَضْلاً وَاِحْساٰناً وَرَحْمَةً وَغُفْرٰاناً،

اِنَّكَ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيمِ» .

پھر بالائے سر کی طرف کھڑے ہو کر کہے :

«اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يَا اَبَاالْقَاسِمِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ الْقِيَامَةِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يَا شَفِيعَ الْقِيَامَةِ، اَشْهَدُ اَنْ لاٰ اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهُ لاٰ شَرِيكَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ، وَاَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ، وَنَصَحْتَ اُمَّتَكَ، وَجَاهَدْتَ فِي سَبِيلِ رَبِّكَ، حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِينُ، صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ، طِبْتَ حَيّاً وَطِبْتَ مَيِّتاً، صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَخِيكَ وَوَصِيِّكَ وَابْنِ عَمِّكَ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ، وَعَلَى ابْنَتِكَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ، وَعَلٰى وَلَدَيْكَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، اَفْضَلَ الصَّلاٰةِ وَالسَّلاٰمِ، وَاَطْيَبَ التَّحِيَّةِ وَاَطْهَرَ الصَّلاٰةِ، وَعَلَيْنَا مِنْكُمُ السَّلاٰمُ، وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ» .

اس کے بعد اس ستون کے کنارے — جو قبر کی دائیں جانب اور زاویۂ مرقد سے نزدیک ہے — رو بقبلہ کھڑا ہو جائے — کہ بائیں بازو کی طرف قبر اور دائیں بازو کی طرف منبر قرار

پائے ــــ اور کہے :

«اَشْهَدُ اَنْ لاٰ اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهُ لاٰ شَرِيكَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُولُ اللهِ، وَاَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسٰالاٰتِ رَبِّكَ، وَنَصَحْتَ لاُمَّتِكَ، وَجٰاهَدْتَ فِي سَبِيلِ اللهِ، وَعَبَدْتَ اللهَ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِينُ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ، وَاَدَّيْتَ الَّذِي عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ. وَاَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِينَ، وَغَلُظْتَ عَلَى الْكٰافِرِينَ، فَبَلَّغَ اللهُ بِكَ اَفْضَلَ شَرَفِ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِينَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى اسْتَنْقَذَنٰا بِكَ مِنَ الشِّرْكِ وَالضَّلاٰلَةِ، اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ صَلَوٰاتِكَ وَصَلَوٰاتِ مَلاٰئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِينَ، وَعِبٰادِكَ الصّٰالِحِينَ، وَاَنْبِيٰاءِكَ الْمُرْسَلِينَ، وَاَهْلِ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرَضِينَ، وَمَنْ سَبَّحَ لَكَ يٰارَبَّ الْعٰالَمِينَ، مِنَ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، عَلىٰ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَنَبِيِّكَ وَاَمِينِكَ وَنَجِيبِكَ وَحَبِيبِكَ وَصَفِيِّكَ وَخٰاصَّتِكَ وَصَفْوَتِكَ وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ، اَللّٰهُمَّ وَاَعْطِهِ الدَّرَجَةَ الرَّفِيعَةَ، وَآتِهِ الْوَسِيلَةَ مِنَ الْجَنَّةِ. وَابْعَثْهُ مَقٰاماً مَحْمُوداً يَغْبِطُهُ بِهِ الْاَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ، اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ : ﴿وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوا اَنْفُسَهُمْ جٰاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللهَ

وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللهَ تَوّاباً رَحِيماً﴾، وَاِنّي اَتَيْتُ نَبِيَّكَ مُسْتَغْفِراً تائِباً مِنْ ذُنُوبِي، وَاِنّي اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ مُحَمَّدٍ، يا مُحَمَّدُ، اِنّي اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللهِ رَبّي وَرَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِي ذُنُوبِي».

پھر قبر کے قریب جائے اور اس پر اپنے ہاتھ رکھ کر کہے:

«اَسْئَلُ اللهَ الَّذِى اجْتَبيٰكَ وَاخْتارَكَ وَهَدىٰكَ وَهَدىٰ بِكَ، اَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْكَ وَعَلىٰ اَهْلِ بَيْتِكَ الطّاهِرِينَ».

اس کے بعد کہے:

﴿اِنَّ اللهَ وَمَلائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيماً﴾.

اور حجرۂ شریف کی دیوار پر ہاتھ رکھ کر کہے:

«اَتَيْتُكَ يا رَسُولَ اللهِ مُهاجِراً اِلَيْكَ، قاضِياً لِما اَوْجَبَهُ اللهُ عَلَيَّ مِنْ قَصْدِكَ، وَاِذْ لَمْ اَلْحَقْكَ حَيّاً فَقَدْ قَصَدْتُكَ بَعْدَ مَوْتِكَ، عالِماً اَنَّ حُرْمَتَكَ مَيِّتاً كَحُرمَتِكَ حَيّاً، فَكُنْ لِي بِذٰلِكَ

عِنْدَ اللهِ شَاهِداً».

پھر اپنا دایاں ہاتھ چہرہ پر پھرائے اور کہے :

«اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذٰلِكَ بَيْعَةً مَرْضِيَّةً لَدَيْكَ، وَعَهْداً مُؤَكَّداً عِنْدَكَ، تُحْيِنِي مٰا اَحْيَيْتَنِي عَلَيْهِ، وَعَلَى الْوَفٰاءِ بِشَرٰائِطِهِ وَحُدُودِهِ وَحُقُوقِهِ وَاَحْكٰامِهِ، وَتُمِيتُنِي اِذٰا اَمَتَّنِي عَلَيْهِ، وَتَبْعَثُنِي اِذٰا بَعَثْتَنِي عَلَيْهِ».

اس وقت بالائے سر والے حصّہ پر کھڑے ہو کر اپنے والدین اور دوستوں کی طرف سے اس طرح زیارت پڑھے :

«اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا نَبِيَّ اللهِ، مِنْ أَبِي وَأُمِّي وَوُلْدِي وَخٰاصَّتِي وَجَمِيعِ اَهْلِ بَلَدِي، حُرِّهِمْ وَعَبْدِهِمْ وَاَبْيَضِهِمْ وَاَسْوَدِهِمْ وَمِن ... (ان لوگوں کے نام لے جن سے محبت رکھتا ہے)

پھر قبلہ کی سمت جائے اور قبر منوّر کی طرف رخ اور قبلہ کی طرف پشت کر کے کہے :

«اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا نَبِيَّ اللهِ وَرَسُولَهُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا صِفْوَةَ اللهِ وَخِيَرَتَهُ مِنْ خَلْقِهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا اَمِينَ اللهِ وَحُجَّتَهُ،

اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا خاتَمَ النَّبِيّينَ وَسَيِّدَ الْمُرْسَلِينَ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ
اَيُّهَا الْبَشِيرُ النَّذِيرُ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الدّاعِي اِلَى اللهِ وَالسِّرٰاجُ
الْمُنِيرُ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ وَعَلىٰ اَهْلِ بَيْتِكَ الَّذِينَ اَذْهَبَ اللهُ عَنْهُمُ
الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيراً، اَشْهَدُ اَنَّكَ يا رَسُولَ اللهِ اَتَيْتَ بِالْحَقِّ
وَقُلْتَ بِالصِّدْقِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي وَفَّقَنِي لِلْايمٰانِ وَالتَّصْدِيقِ،
وَمَنَّ عَلَيَّ بِطٰاعَتِكَ وَاتِّبٰاعِ سَبِيلِكَ، وَجَعَلَنِي مِنْ اُمَّتِكَ
وَالْمُجِيبِينَ لِدَعْوَتِكَ، وَهَدٰانِي اِلٰى مَعْرِفَتِكَ وَمَعْرِفَةِ الْاَئِمَّةِ مِنْ
ذُرِّيَّتِكَ، اَتَقَرَّبُ اِلَى اللهِ بِمٰا يُرْضِيكَ وَاَبْرَاُ اِلَى اللهِ مِمّٰا يُسْخِطُكَ،
مُوالِياً لِاَوْلِيٰاءِكَ مُعٰادِياً لِاَعْدٰاءِكَ، جِئْتُكَ يا رَسُولَ اللهِ زٰائِراً
وَقَصَدْتُكَ رٰاغِباً مُتَوَسِّلاً اِلَى اللهِ سُبْحٰانَهُ، وَاَنْتَ صٰاحِبُ
الْوَسِيلَةِ، وَالْمَنْزِلَةِ الْجَلِيلَةِ، وَالشَّفٰاعَةِ الْمَقْبُولَةِ، وَالدَّعْوَةِ
الْمَسْمُوعَةِ، فَاشْفَعْ لِي اِلَى اللهِ تَعٰالٰى فِي الْغُفْرٰانِ وَالرَّحْمَةِ
وَالتَّوْفِيقِ وَالْعِصْمَةِ، فَقَدْ غَمَرَتِ الذُّنُوبُ، وَشَمَلَتِ الْعُيُوبُ،
وَاُثْقِلَ الظَّهْرُ، وَتَضٰاعَفَ الْوِزْرُ، وَقَدْ اَخْبَرْتَنٰا وَخَبَرُكَ الصِّدْقُ،
اَنَّهُ تَعٰالَى قٰالَ وَقَوْلُهُ الْحَقُّ: ﴿وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوا اَنْفُسَهُمْ جٰاءُوكَ
فَاسْتَغْفَرُوا اللهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللهَ تَوّٰاباً رَحِيماً﴾،

وَقَدْ جِئْتُكَ يٰا رَسُوْلَ اللهِ، مُسْتَغْفِراً مِنْ ذُنُوبِي، تٰائِباً مِنْ مَعٰاصِيَّ وَسَيِّئٰاتِي، وَاِنِّي اَتَوَجَّهُ اِلَى اللهِ رَبِّي وَرَبِّكَ، لِيَغْفِرَ لِي ذُنُوبِي، فَاشْفَعْ لِي يٰا شَفِيعَ الْاُمَّةِ، وَاَجِرْنِي يٰا نَبِيَّ الرَّحْمَةِ، صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ وَعَلىٰ آلِكَ الطّٰاهِرِينَ».

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تیسری زیارت

صحیح سند کے ساتھ امام رضا علیہ السلام سے روایت کی گئی ہے کہ پیامبر اکرمؐ کی قبر مطہر کی طرف رُخ اور قبلہ کی طرف پشت کر کے اس طرح کہے:

«اَلسَّلٰامُ عَلىٰ رَسُولِ اللهِ، اَلسَّلٰامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكٰاتُهُ، اَلسَّلٰامُ عَلَيْكَ يٰا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِاللهِ، اَلسَّلٰامُ عَلَيْكَ يٰا خِيَرَةَ اللهِ، اَلسَّلٰامُ عَلَيْكَ يٰا حَبِيبَ اللهِ، اَلسَّلٰامُ عَلَيْكَ يٰا صِفْوَةَ اللهِ، اَلسَّلٰامُ عَلَيْكَ يٰا اَمِينَ اللهِ، اَلسَّلٰامُ عَلَيْكَ يٰا حُجَّةَ اللهِ، اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُولُ اللهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ، وَجٰاهَدْتَ فِي سَبِيلِ رَبِّكَ، وَعَبَدْتَهُ حَتّىٰ اَتٰيكَ الْيَقِينُ، فَجَزٰاكَ اللهُ اَفْضَلَ مٰا جَزىٰ نَبِيّاً عَنْ اُمَّتِهِ،

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيمَ وَآلِ اِبْرَاهِيمَ، اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ»،

اس کے بعد قبلہ کی طرف رخ کرے اور زیارت کے بعد جو کچھ امام زین العابدینؑ سے نقل ہوا ہے اسے پڑھے اور کہے:

«اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَلْجَأْتُ اَمْرِي، وَاِلٰى قَبْرِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ اَسْنَدْتُ ظَهْرِي، وَالْقِبْلَةَ الَّتِي رَضِيتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اسْتَقْبَلْتُ، اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَصْبَحْتُ لَا اَمْلِكُ لِنَفْسِي خَيْرَ مَا اَرْجُو لَهَا، وَلَا اَدْفَعُ عَنْهَا شَرَّ مَا اَحْذَرُ عَلَيْهَا، وَاَصْبَحَتِ الْاُمُورُ بِيَدِكَ، وَلَا فَقِيرَ اَفْقَرُ مِنِّي، اِنِّي لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ. اَللّٰهُمَّ ازْدُدْنِي مِنْكَ بِخَيْرٍ وَلَا رَادَّ لِفَضْلِكَ، اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ اَنْ تُبَدِّلَ اسْمِي، وَتُغَيِّرَ جِسْمِي، اَوْ تُزِيلَ نِعْمَتَكَ عَنِّي، اَللّٰهُمَّ زَيِّنِّي بِالتَّقْوٰى، وَجَمِّلْنِي بِالنِّعَمِ، وَاغْمُرْنِي بِالْعَافِيَةِ، وَارْزُقْنِي شُكْرَ الْعَافِيَةِ».

بہت سی زیارتوں میں آیا ہے کہ اس کے بعد گیارہ مرتبہ "سورۂ قدر" پڑھے اور اگر کوئی حاجت ہو تو قبلہ کی طرف رخ اور قبرِ رسولؐ کی طرف پشت کر کے کھڑے ہو کر ہاتھوں کو

بلند کرے اور اپنی حاجت طلب کرے، انشاءاللہ پوری ہوگی۔

نمازِ زیارت اور اس کے بعد کی دعا

اس کے بعد دو رکعت نمازِ زیارت بجالائے اور اس کا ثواب رسول اکرمؐ کو ہدیہ کرے اور اس طرح کہے :

«اَللّٰهُمَّ اِنِّي صَلَّيْتُ وَرَكَعْتُ وَسَجَدْتُ لَكَ، وَحْدَكَ لاٰ شَرِيكَ لَكَ، لاَنَّ الصَّلاٰةَ وَالرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ لاٰ تَكُونُ اِلاّٰ لَكَ، لاَنَّكَ اَنْتَ اللهُ الَّذِي لاٰ اِلٰهَ اِلاّٰ اَنْتَ، اَللّٰهُمَّ وَهاٰتاٰنِ الرَّكْعَتاٰنِ هَدِيَّةٌ مِنِّي اِلىٰ سَيِّدِي وَمَوْلاٰيَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ، فَتَقَبَّلْهُمٰا مِنِّي بِاَحْسَنِ قَبُولِكَ، وَأْجُرْنِي عَلىٰ ذٰلِكَ بِاَفْضَلِ اَمَلِي، وَرَجٰاءِي فِيكَ وَفِي رَسُولِكَ، يٰا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِينَ»،

نماز کے بعد یہ دعا پڑھنا مستحب ہے :

«اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ لِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ : ﴿وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوا اَنْفُسَهُمْ جٰاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللهَ تَوّٰاباً رَحِيماً﴾، وَلَمْ اَحْضُرْ زَمٰانَ رَسُولِكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ السَّلاٰمُ، وَقَدْ زُرْتُهُ رٰاغِباً تٰائِباً مِنْ سَيِّئِ عَمَلِي،

وَمُسْتَغْفِراً لَكَ مِنْ ذُنُوبِي، وَمُقِرّاً لَكَ بِهٰا، وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهٰا مِنِّي، وَمُتَوَجِّهاً اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، صَلَوٰاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ، فَاجْعَلْنِي اللّٰهُمَّ بِمُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ عِنْدَكَ وَجِيهاً فِى الدُّنْيٰا وَالْآخِرَةِ، وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ، يٰا مُحَمَّدُ يٰا رَسُولَ اللهِ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يٰا نَبِيَّ اللهِ، يٰا سَيِّدَ خَلْقِ اللهِ، اِنِّي اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللهِ رَبِّكَ وَرَبِّي، لِيَغْفِرَ لِي ذُنُوبِي، وَيَتَقَبَّلَ مِنِّي عَمَلِي، وَيَقْضِيَ لِي حَوٰائِجِي، فَكُنْ لِي شَفِيعاً عِنْدَ رَبِّكَ وَرَبِّي، فَنِعْمَ الْمَسْؤُولُ الْمَوْلىٰ رَبِّي، وَنِعْمَ الشَّفِيعُ اَنْتَ يٰا مُحَمَّدُ، عَلَيْكَ وَعَلىٰ اَهْلِ بَيْتِكَ السَّلاٰمُ، اَللّٰهُمَّ وَاَوْجِبْ لِي مِنْكَ الْمَغْفِرَةَ وَالرَّحْمَةَ، وَالرِّزْقَ الْوٰاسِعَ الطَّيِّبَ النّٰافِعَ، كَمٰا اَوْجَبْتَ لِمَنْ اَتىٰ نَبِيَّكَ مُحَمَّداً صَلَوٰاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ، وَهُوَ حَيٌّ، فَاَقَرَّ لَهُ بِذُنُوبِهِ، وَاسْتَغْفَرَ لَهُ رَسُولُكَ عَلَيْهِ السَّلاٰمُ، فَغَفَرْتَ لَهُ بِرَحْمَتِكَ يٰا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِينَ، وَصَلَّى اللهُ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الطّٰاهِرِينَ".

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چوتھی زیارت

قبر مطہر کے روبرو پشت بقبلہ کھڑے ہوکر یہ زیارت

پڑھے: «اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا نَبِيَّ اللهِ وَرَسُولَهُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا صَفْوَةَ اللهِ وخِيَرَتَهُ مِن خَلْقِهِ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا أَمِينَ اللهِ وَحُجَّتَهُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ يٰا خٰاتَمَ النَّبِيّينَ وَسَيِّدَ الْمُرْسَلِينَ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الْبَشِيرُ النَّذِيرُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الدّٰاعِي اِلَى اللهِ وَالسِّرٰاجُ الْمُنِيرُ، اَلسَّلاٰمُ عَلَيْكَ وَعَلىٰ اَهْلِ بَيْتِكَ الَّذِينَ اَذْهَبَ اللهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيراً، اَشْهَدُ اَنَّكَ يٰا رَسُولَ اللهِ، اَتَيْتَ بِالْحَقِّ وَقُلْتَ بِالصِّدْقِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي وَفَّقَنِي لِلْاِيمٰانِ وَالتَّصْدِيقِ، وَمَنَّ عَلَيَّ بِطٰاعَتِكَ وَاتِّبٰاعِ سَبِيلِكَ، وَجَعَلَنِي مِنْ اُمَّتِكَ وَالْمُجِيبِينَ لِدَعْوَتِكَ، وَهَدٰانِي اِلَى مَعْرِفَتِكَ وَمَعْرِفَةِ الْاَئِمَّةِ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ، اَتَقَرَّبُ اِلَى اللهِ بِمٰا يُرْضِيكَ، وَاَبْرَءُ اِلَى اللهِ مِمّٰا يُسْخِطُكَ، مُوٰالِياً لِاَوْلِيٰاءِكَ، مُعٰادِياً لِاَعْدٰاءِكَ، جِئْتُكَ يٰا رَسُولَ اللهِ زٰائِراً، وَقَصَدْتُكَ رٰاغِباً مُتَوَسِّلاً اِلَى اللهِ سُبْحٰانَهُ، وَاَنْتَ صٰاحِبُ الْوَسِيلَةِ، وَالْمَنْزِلَةِ الْجَلِيلَةِ، وَالشَّفٰاعَةِ الْمَقْبُولَةِ، وَالدَّعْوَةِ الْمَسْمُوعَةِ، فَاشْفَعْ لِي اِلَى اللهِ تَعٰالىٰ بِالْغُفْرٰانِ وَالرَّحْمَةِ وَالتَّوْفِيقِ وَالْعِصْمَةِ، فَقَدْ غَمَرَتِ الذُّنُوبُ، وَشَمَلَتِ الْعُيُوبُ، وَاُثْقِلَ الظَّهْرُ، وَتَضٰاعَفَ الْوِزْرُ، وَقَدْ اَخْبَرْتَنٰا وَخَبَرُكَ الصِّدْقُ،

اَنَّهُ تَعالیٰ قالَ وَقَوْلُهُ الْحَقُّ: ﴿وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوا اَنْفُسَهُمْ جاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللهَ تَوّاباً رَحِيماً﴾، وَقَدْ جِئْتُكَ يا رَسُولَ اللهِ مُسْتَغْفِراً مِنْ ذُنُوبِي، تائِباً مِنْ مَعاصِيَّ وَسَيِّئاتِي، وَاِنّي اَتَوَجَّهُ اِلَى اللهِ رَبّي وَرَبِّكَ لِيَغْفِرَلِي ذُنُوبِي، فَاشْفَعْ لِي يا شَفِيعَ الْاُمَّةِ، وَاَجِرْنِي يا نَبِيَّ الرَّحْمَةِ، صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ وَعَلىٰ آلِكَ الطّاهِرِينَ".

اس کے بعد امام زین العابدین علیہ السلام کی دعا، دو رکعت نمازِ زیارت اور گیارہ مرتبہ "سورۂ قدر" پڑھے اور پھر وہ دعا پڑھے جو کہ ہم نے رسول اکرمؐ کی تیسری زیارت کے بعد نقل کی ہے۔

دور سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص میری وفات کے بعد میری زیارت کرے تو اس کی مثال اس شخص کی ہے کہ جس نے میری زندگی میں میری طرف ہجرت کی اور جو نزدیک سے میری قبر کی زیارت نہ کر سکے تو دور

ہی سے مجھ پر سلام بھیجیے چونکہ تمہارے سلام مجھ تک پہنچتے ہیں۔
احمد بن ابی نصر بزنطی کے ذریعہ امام رضاؑ سے مروی ہے کہ واجب نمازوں کے بعد کہے:

«اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا رَسُولَ اللهِ، وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكاتُهُ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِاللهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا خِيَرَةَ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا حَبِيبَ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا صَفْوَةَ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا اَمِينَ اللهِ، اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُولُ اللهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ نَصَحْتَ لاُمَّتِكَ، وَجاهَدْتَ فِي سَبِيلِ رَبِّكَ، وَعَبَدْتَهُ مُخْلِصاً حَتّىٰ اَتيكَ الْيَقِينُ، فَجَزاكَ اللهُ يا رَسُولَ اللهِ اَفْضَلَ ما جَزىٰ نَبِيّاً عَنْ اُمَّتِهِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، اَفْضَلَ ما صَلَّيْتَ عَلىٰ اِبْراهِيمَ وَآلِ اِبْراهِيمَ، اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ»

مسجد نبویؐ کے بعض مستحبات

روضۂ مبارکہ مسجد میں دعا:

مسجد نبوی میں بہت زیادہ نماز پڑھے، کیونکہ اس مسجد میں ہر

نماز کا ثواب ایک ہزار نمازوں کے برابر نمازی کے اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ مرقد و منبر کے درمیان نماز پڑھنا افضل ہے۔ رسولؐ سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: میری قبر و منبر کے درمیان جنّت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔ یہ باغ طول میں قبرِ منوّر سے منبر تک اور عرض میں منبر سے چوتھے ستون تک ہے۔ مستحب ہے کہ اس میں یہ دعا پڑھے:

«اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهِ رَوْضَةٌ مِنْ رِيٰاضِ جَنَّتِكَ، وَشُعْبَةٌ مِنْ شُعَبِ رَحْمَتِكَ، الَّتِى ذَكَرَهٰا رَسُولُكَ وَاَبٰانَ عَنْ فَضْلِهٰا، وَشَرَفِ التَّعَبُّدِ لَكَ فِيهٰا، فَقَدْ بَلَّغْتَنِيهٰا فِي سَلاٰمَةِ نَفْسِى، فَلَكَ الْحَمْدُ يٰا سَيِّدِي عَلىٰ عَظِيمِ نِعْمَتِكَ عَلَيَّ فِى ذٰلِكَ، وَعَلىٰ مٰا رَزَقْتَنِيهِ مِنْ طٰاعَتِكَ، وَطَلَبِ مَرْضٰاتِكَ، وَتَعْظِيمِ حُرْمَةِ نَبِيِّكَ، بِزِيٰارَةِ قَبْرِهٖ وَالتَّسْلِيمِ عَلَيْهِ، وَالتَّرَدُّدِ فِى مَشٰاهِدِهٖ وَمَوٰاقِفِهٖ، فَلَكَ الْحَمْدُ يٰا مَوْلاٰىَ، حَمْداً يَنْتَظِمُ بِهِ مَحٰامِدُ حَمَلَةِ عَرْشِكَ، وَسُكّٰانِ سَمٰوٰاتِكَ لَكَ، وَيَقْصُرُ عَنْهُ حَمْدُ مَنْ مَضىٰ، وَيَفْضُلُ حَمْدَ مَنْ بَقِىَ مِنْ خَلْقِكَ لَكَ، وَلَكَ الْحَمْدُ يٰا مَوْلاٰىَ، حَمْدَ مَنْ عَرَفَ

